## سوال

اگر انسان دوران وضوء کلی کرتے وقت منہ میں انگلی نہ ڈالے تو کیا اس کا وضوء باطل ہوجاتا ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلی کے ساتھ کلی کیا کرتے تھے، کیا یہ حدیث صحیح ہے ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

منہ میں انگلی ڈالے بغیر کلی کرکے وضوء کرنا صحیح ہے

رہا سوال میں بیان کردہ روایت کا مسئلہ تو امام احمد نے مسند احمد میں ضعیف سند کے ساتھ اسے بیان کیا ہے، یہ حدیث ضعیف ہے

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (208/5)

**1175**